# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Friday, the January 24, 2025

(345th Session)

Volume I, No. 06

(Nos.01-08)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

*Volume I* *SP.I (06)/2025*

*No. 06* *15*

# Contents

1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. Motion under Rule 263 moved for Dispensation of Rules ........ 2
3. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges regarding a Privilege motion against the Secretary, Primary Health, Government of Punjab........ 2
4. Laying of the Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Ordinance, 2024 (Ordinance No. IX of 2024)........ 3
5. Introduction of [The Pakistan Telecommunication (Re-Organization) (Amendment) Bill, 2025] ........ 3
6. Introduction of [The National Commission for Minorities Bill, 2025]........ 4
7. Introduction of [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2025]........ 4
8. Introduction of [The Digital Nation Pakistan Bill, 2025] ........ 5

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Friday, the January 24, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty-five minutes past two in the afternoon with Mr. Deputy Chairman (Mr. Syedaal Khan) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۭ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ۭ وَعْدًا
عَلَيْنَا ۭ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٠٤﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ
يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿١٠٥﴾ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿١٠٦﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ
اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٧﴾

ترجمہ: جس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹ لیں گے جیسے خطوں کا طومار لپیٹ لیتے ہیں۔ جس طرح ہم نے (کائنات کو) پہلے پیدا کیا تھا اسی طرح دوبارہ پیدا کر دیں گے (یہ) وعدہ (ہے جس کا پورا کرنا) لازم ہے۔ ہم ایسا ضرور کرنے والے ہیں۔ اور ہم نے نصیحت (کی کتاب یعنی تورات) کے بعد زبور میں لکھ دیا تھا کہ میرے نیکوکار بندے ملک کے وارث ہوں گے۔ عبادت کرنے والے لوگوں کے لیے اس میں (خدا کے حکموں کی) تبلیغ ہے۔ اور (اے محمد ﷺ) ہم نے تم کو جہان کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

(سورۃ الانبیاء: آیات ۱۰۴ تا ۱۰۷)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جزاک اللہ۔ سینیٹر شیری رحمان صاحبہ! آپ کچھ پیش کرنا چاہتی ہیں۔

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، جناب چیئرمین! چونکہ آج جمعہ ہے اور ہمارے ممبران واپس اپنے گھروں کو جانا چاہتے ہیں اور ان کی flights reschedule نہیں ہو پا رہی ہیں تو یہ گزارش ہوگی کہ آج Question Hour suspend کردیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی تحریک پیش کریں۔

**<u>Motion under Rule 263 moved for Dispensation of Rules</u>**

Senator Sherry Rehman: I, move that under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 41 of the said rules regarding the Question Hour be dispensed with for today's sitting.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Order. No. 3. سینیٹر تاج حیدر پیش کریں گے۔ وہ موجود نہیں ہیں۔ ان کی جگہ اگر کوئی اور کمیٹی ممبر پیش کردیں۔ جی سینیٹر دوست علی جیسر۔

**<u>Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges regarding a Privilege motion against the Secretary, Primary Health, Government of Punjab</u>**

Senator Dost Ali Jeesar: I, on behalf of Senator Taj Haider, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Privilege motion moved by Senator Muhammad Tallal Badar against Secretary, Primary

Health, Government of Punjab, may be extended for a period of sixty days with effect from 20th January, 2025.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Order. No. 4 ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وفاقی وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت پیش کریں گے۔ وہ موجود نہیں ہیں۔ ان کی جگہ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب پیش کریں۔

**<u>Laying of the Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Ordinance, 2024 (Ordinance No. IX of 2024)</u>**

Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Parliamentary Affairs): Thank you, Mr. Chairman! I, on behalf of Minister for Federal Education and Professional Training, wish to lay before the Senate the Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Ordinance, 2024 (Ordinance No. IX of 2024), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan.

جناب ڈپٹی چیئرمین: آرڈیننس پیش کر دیا گیا ہے۔ ایوان کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ یہ آرڈیننس پہلے مورخہ 22 جنوری 2025 کو قومی اسمبلی میں پیش کیا جا چکا ہے۔ اب یہ سینیٹ کی اطلاع کے لئے پیش کیا گیا ہے۔ سینیٹر شبلی فراز صاحب! تھوڑا سا business چلنے دیں۔ اس کے بعد بے شک آپ بات کر لیں۔ بس پانچ منٹ دے دیں۔ Order. No. 5. وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن پیش کریں گے۔ وہ موجود نہیں ہیں۔ ان کی جگہ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب پیش کریں۔

**<u>Introduction of [The Pakistan Telecommunication (Re-Organization) (Amendment) Bill, 2025]</u>**

Senator Azam Nazeer Tarar: Thank you, Mr. Chairman! I, on behalf of Minister In-charge Cabinet Division, wish to introduce a Bill further to amend the

Pakistan Telecommunication (Re-Organization) Act, 1996 [The Pakistan Telecommunication (Re-Organization) (Amendment) Bill, 2025].

جناب ڈپٹی چیئرمین: بل پیش کردہ صورت میں متعلقہ قائمہ کمیٹی کے حوالے کیا جاتا ہے۔

(اس موقع پر اپوزیشن اراکین نے اپنی نشستوں پر کھڑے ہو کر احتجاج کرنا شروع کیا)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Order. No. 6 پر ایک بل ہے۔ یہ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب، وزیر برائے انسانی حقوق پیش کریں گے۔

## Introduction of [The National Commission for Minorities Bill, 2025]

Senator Azam Nazeer Tarar: Thank you, Mr. Chairman! I, wish to introduce a Bill to provide for constitution of a National Commission for Minorities [The National Commission for Minorities Bill, 2025].

جناب ڈپٹی چیئرمین: بل پیش کردہ صورت میں متعلقہ قائمہ کمیٹی کے حوالے کیا جاتا ہے۔

(اپوزیشن اراکین اپنی نشستوں پر کھڑے ہو کر احتجاج کرتے رہے)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں نے ابھی Minority Commission Bill متعارف کروایا جو سالوں سے pending تھا۔ اقلیتوں کے لئے ان کی یہ سوچ ہے کہ یہ ان کے بل پر بھی احتجاجاً desk بجا رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Order. No. 7. یہ بھی ایک بل ہے جسے سینیٹر سید محسن رضا نقوی، وزیرِ داخلہ پیش کریں گے۔ وہ موجود نہیں ہیں۔ ان کی جگہ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب پیش کریں۔

## Introduction of [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2025]

Senator Azam Nazeer Tarar: Thank you, Mr. Chairman! I, on behalf of Minister for Interior, wish to move that the Bill further to amend the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Prevention of Electronic

Crimes (Amendment) Bill, 2025], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

جناب ڈپٹی چیئرمین: بل متعلقہ کمیٹی کے حوالے کیا جاتا ہے اور کمیٹی کو یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ تین روز کے اندر اپنی رپورٹ ایوان میں پیش کرے۔

(اپوزیشن اراکین اپنی نشستوں پر کھڑے ہو کر احتجاج کرتے رہے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Order. No. 9. یہ بھی ایک بل ہے جسے محترمہ شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن پیش کریں گی۔ وہ موجود نہیں ہیں۔ ان کی جگہ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب پیش کریں۔

**Introduction of [The Digital Nation Pakistan Bill, 2025]**

Senator Azam Nazeer Tarar: Thank you, Mr. Chairman! I, on behalf of Minister of State for Information Technology and Telecommunication, wish to move that the Bill to provide for the transformation of Pakistan into a digital nation, enabling a digital society, digital economy, and digital governance [The Digital Nation Pakistan Bill, 2025], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

جناب ڈپٹی چیئرمین: بل متعلقہ کمیٹی کے حوالے کیا جاتا ہے اور کمیٹی کو یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ تین روز کے اندر اپنی رپورٹ ایوان میں پیش کرے۔ میں اپوزیشن اراکین سے یہی کہوں گا کہ اگر وہ ہمیں پانچ منٹ دے دیتے تو ہم سارے بل پاس کر لیتے۔ جی اعظم نذیر تارڑ صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! اگر یہ مجھے سننا چاہتے ہیں تو میں بڑے ادب سے یہ کہوں گا کہ یہ بل کمیٹیوں کو جا رہے ہیں۔ آپ بغیر سوچے سمجھے احتجاج کر رہے ہیں۔ آپ جائیں اور کمیٹیوں میں اپنا مؤقف بیان کریں۔ آج آپ نے اقلیتوں کے کمیشن بل کی مخالفت کی ہے۔ پاکستان کی معیشت اور پاکستان کے لوگوں کی زندگیوں کو آسان کرنے کے لئے جو digitisation project ہے، آج آپ نے اس بل کی بھی مخالفت کی ہے۔ آپ کو جیل کے علاوہ کچھ یاد نہیں ہے۔ جب جرم کریں گے تو جیل میں رہیں گے۔ آپ سننے کو تیار نہیں ہیں۔۔۔

**(مداخلت)**

جناب ڈپٹی چیئر مین: میں اپوزیشن اراکین سے یہی کہوں گا کہ اگر آپ ہمیں پانچ منٹ business چلانے دیتے تو پھر میں آپ کو بات کرنے کا وقت دیتا۔

(اپوزیشن اراکین اپنی نشستوں پر کھڑے ہو کر احتجاج کرتے رہے)

جناب ڈپٹی چیئر مین: جی اعظم نذیر تارڑ صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ سننے کو تیار نہیں ہیں۔ پاکستان کی اقلیتیں جن میں سے ابھی میرے بھائی سینیٹر دنیش کمار، سینیٹر پونجو اور سینیٹر خلیل طاہر سندھو یہاں بیٹھے ہیں۔ انہوں نے چار سال حکومت کی لیکن اقلیتوں کے کمیشن کا بل پاس نہیں کیا۔ آج جب ہم لے کر آرہے ہیں تو آپ احتجاج کر رہے ہیں۔ پہلے بات تو سنیں۔ یہ بل متعلقہ قائمہ کمیٹیوں کو بھیج دیے گئے ہیں۔ بجائے ایوان میں جلسہ جلوس کرنے کے، آپ وہاں جا کر اپنی رائے دیں۔ میں نے بس یہی کہنا تھا۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: ایوان کی کارروائی مورخہ 27 جنوری، 2025 بروز سوموار شام 04:00 بجے تک ملتوی کی جاتی ہے۔

---------------

*[The House was then adjourned to meet again on Monday, the 27th January, 2025 at 04:00 p.m.]*

----------------